وسوادی خوش و ولایتی دلکش نعمت های فراوان، و میوه های بی پایان و درون شهر حوض ها و جویهای آب روان - اما درین سال نوبت زحمت وبا بود، چنانچه بیشتر آدمیان که در صحبت وبا شده بودند- برحمت حق پیوستند-

پس ازآن مولف موصوف راجع به مبتلا شدن خود به ناخوشی های گوناگون ذکر کرده میگوید که چندین اطبا بمعالجه من پرداختند، اما سودی نه بخشید، پس بدرگاه ایزدی رجوع نموده مناجات کردم درعالم خواب دیدم که خواجه شمس الدین مستوفی به کتاب مجموع شمسی، خود اشاره نموده هدایت فرمودند، که برو برای مداوای مرض خود بآن مجموعه رجوع کن هرگاه صحت یافتی علم طب را آموخته بخدمت خلق پردازد- مؤلف طبق هدایات خواجه موصوف عمل نموده چون صحت یافت برائے کسب علم طب مجموع شمسی و کتابهای دیگر را درین فن خواند - همان بود که در نتیجه مطالعات وسیع فنی طب- لب لباب آنرا بنام "مجموعه ضیائی" ترتیب و واقعه را باین الفاظ در مقدمه آن تذکار نمود -

"و بنده درمدت دو سال و چهار ماه بانواع زحمت مستولی بود، هر لحظه و لمحه طبیبان ماهر را طلبیده و حال خود باز نموده می شد، و هرچه می گفتند علاج کرده می آمد، تا مگر آن زحمت بصحت انجامد، و درد دل بیار آمد- بهیچ سبیل فائده نبود، بلکه هرروز زحمتی مزید و علتی مستزید می شد- تا شبی بصبح دمی در حضرت عزت که شفابخش دردمندان علیلان است- بنالیدم، همان شب عمر خویش خواجه شمس الدین مستوفی را خواب دیدم که می گوید من کتابی جمع کرده ام در طب "مجموع شمسی" نام، تو درین کار وقوفی داری آن را پیش گیر و دوای خویش ساز تا حق تعالی ترا صحت بخشد، و بعد ازان دنبال این علم باش تا محتاج دیگری نباشی، و حق را نیز از و صبی باشد، هم چنان کردم تا حق تعالی بکرم خویش صحت بخشید و بعد ازآن دنبال جمع این چند ورق شدم

پس ازان مؤلف مجموعه ضیائی، کتابهای ذیل را بطور ماخذ تالیف خود تذکار نموده-

"قانون شیخ ابوعلی سینا، ترجمه مفرون جالینوس، کامل الصناعه، ذخیره خوارزم شاهی مؤلفه اسمعیل جرجانی، مجموع فلکی - شفاء الملوک مقاصد الابدان، بستان العطارین، صحت علائی مخزن الشفاء، معدن الغنا، مجموعه شمسی که ترجمه فارسی کتب اطبای هندیست، طب گیلانی، مجموعه محمدی، مؤلفه خواجه تاج الدین ابوبکر فیروزگی - حکیم سر مکنون محمد ترکان نازی و برس الحکیم، نکته الاصول فی فوائد الخیول کتاب سلطان سنجر ملک شاه رحمة الله مشتمل بر علاج و ادویه برای اسپان - زهرة الزواهر فی معدن الجواهر، نزهة الغنا و حدیقة الشبان، منافع الناس "

ازمطالعه دقیق نامهای کتب فوق باین نتیجه میرسیم که:-

تب درآن عصر در خاک هند و پاک مروج بوده
ده میشد و مؤلف موصوف بر سانهای عربی
نسکرت وقوف تام داشت چون طب عربی
طهٔ هند رسید از روی آب و هوا و مزاج
ساکنین آنجا، بعضی تغیرات درین فنون ورنما
مواد جدید بران افزوده شد. مثلاً فن طب
ـ تحت مطالعه آورده شد، و مواد یکه مفید
آن موجود بود، برین فن افزودند فن مذکور
ئے معالجه انسانان بکار برده میشد، بلکه
اوی حیوانات مانند اسپان نیز مستعمل بود،
ن زمانه یگانه وسیله جنگ و دفاع همین
. پس باب چهل و پنجمین کتاب مذکور که بر چهل
منقسم است در بارهٔ معالجه اسپان بحث
این باب از دو کتاب، دیگر بنام "نکته الاصول
تیول" و "کتاب سلطان سنجر ملک شاه" ماخوذ
براحی و دستکاری شعبه های خاص این فن
بید - درباب ۳۰ طریق معالجه بالید تفصیلاً
ه چون کشش فلزات و استعمال کشته ها
اج داشت - درباب ۴۱ بعضی طریقه های
تن سیماب و طلا و نقره و مس از کتاب
ف هندی ناگارجن و از کتب دیگر هنوز
اسلوب استعمال آن بحث کرده است -
م و تسخیر و طلسمات نیز در آن زمانه مورد دلچسپی
ه بلکه در ازالهٔ امراض مختلف بکار برده
ر نوشتن باب ۴۲ از دو کتاب دیگر بنام
برس الحکیم" و "گفتار محمد ترکان تازی"
کرده است علاوه بر آن کتابهائیکه در فهرست

مذکور است و در خارج هند نوشته شده اگر تنها
همان کتابهائیکه در خود هند تالیف گردیده بدست
برسد - معلومات مفید و کارآمدی از آن بدست
خواهد آمد -

از دیباچه "مجموعهٔ ضیائی" می توانیم استنباط
کرد که مؤلف آن هر آنچه از کتب دیگر طبی اخذ کرده است
محض نقل آنها نمی باشد، بلکه طریق استعمال نسخه جات
داروهای آن ادویه را که با فهم و ادراک مردم این منطقه
نزدیکتر بود باهم مطابقت داده و ترجمه بعضی اصطلاحات
طبی غیر مانوس و نامهای بعضی ادویه عربی که نا آشنا بوده
به زبان عموم کرده است، از کتاب "ناگارجن" بعضی ادویه
مهم و رسائل را در یک باب جداگانه بیان نموده و
تجارب خویش را نیز بر آن افزوده است و این جمله
را مؤلف موصوف بالفاظ خود چنین نوشته است -

آنچه قریب فهم و موافق این دیار بود، بوزنی
و ترکیبی که در کتب مذکوره بود جمع کردم
و در کم و بیش آن هیچ و هر تصرفی نساختم -
اما بعضی داروها که بلغت عرب، و ضع
اطبا، بود و معلوم نمی شد، بزبانی و نامی
که درین دیار مصطلحست تحریر کردم، و
آنچه ادویه دوسها از گفتار ناگارجن
طبیب هندی و جوگیانه بگر بود......
علیحده بابی نبشته آمد، و چند ادویه که
.... بتجربه پیوسته بود برین زیاده شد

اصل این کتاب (۴۵) باب در شرح امراض مختلفه
و ادویه و معجونات و شربت ها و ترکیب ادویه و دیگر
مباحث طبی داشت و باب چهل و پنجم آن مشتمل بر علاج
[illegible] (۱۰۰ ج [illegible] ۴۱) -

حضرت حسین معز شمس بلخیؒ

(از یحییٰ ابن الحی - ریسرچ اسکالر ادارہ تحقیقات عربی و فارسی بہار پٹنہ)

بحیثیت ایک صوفی صافی بزرگ کے حضرت مخدوم حسین معز شمس بلخی رح کی شہرت حد کمال کو پہنچ چکی ہے خصوصیت کے ساتھ صوبہ بہار کا ہر فرد آپ کے علو مرتبت کا قائل ہے۔ لیکن علمی و ادبی حلقوں میں بہت ہی کم لوگ ایسے ملیں گے جو اس سے واقف ہوں گے کہ حضرت حسین بلخیؒ نہ صرف یہ کہ فارسی کے ایک ماہر نثار تھے بلکہ ایک باکمال شاعر بھی تھے، چنانچہ آہنگ کے ان صفحات کے ذریعے حضرت حسین بلخیؒ کا فارسی ادب کے شاعر کی حیثیت تعارف مقصود ہے۔

نام ونسب :-

نام حسین آپ کے والد سلطان معز الدین کی نسبت کی وجہ سے معز اور دادا شمس الدین بلخی کی مناسبت سے شمس کہے گئے، آبا و اجداد کا مولد و مسکن بلخ تھا اس لئے بلخی کہتے ہیں۔ تخلص حسین اور لقب نوشۂ توحید اور سمندر توحید ہے

حضرت حسین کا سلسلۂ نسب دس واسطوں سے حضرت ابراہیم ادہم تک پہنچتا ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے -

حضرت حسین ابن سلطان معز الدین بن سلطان شمس الدین بن شاہ علی بن شاہ حمید الدین بن شاہ سراج الدین بن شاہ بزرگ بن شاہ محمود بن شاہ عالم بن شاہ ابراہیم بن شاہ ادہم بلخی رح -

خاندانی حالات :-

حضرت حسین بلخی رح کے دادا سلطان شمس الدین بلخ کے بادشاہ تھے، لیکن اپنی سلطنت اپنے بیٹوں کے حوالے کر کے ہندوستان چلے آئے اور محمود تغلق کے دربار سے منسلک ہوئے، پھر بعض امرائے سلطنت کی بد دیانتی کی وجہ سے بد دل ہو کر تلاش شیخ میں نکل کھڑے ہوئے بالآخر حضرت مخدوم احمد چرم پوش رح کے فضل و کمال کا شہرہ سن کر بہار شریف (ضلع پٹنہ صوبہ بہار) پہنچے اور آپ کے ہاتھ پر بیعت کرنے کے بعد بہار شریف میں مستقل سکونت پذیر ہوئے اور اپنے اہل و عیال کو بھی یہیں بلوا بھیجا -

بڑے صاحبزادے حضرت مولانا مظفر شمس بلخی رح حضرت مخدوم شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری رح کی جانب مائل ہوئے اور درویش کامل ہوئے۔ منجھلے اور چھوٹے لڑکے سلطان معز الدین اور قمر الدین بلخی نے انتخاب شیخ میں اپنے والد اتباع کی -

پیدائش :-

آپ کے دادا سلطان شمس الدین بلخی کی ایما پر جب آپ والد عازم بہار شریف ہوئے تو راہ میں کچھ عرصہ کے -

پچے کے قریب ظفرآباد میں ٹھہرے اور وہیں آپ کی ولادت
ئی۔ سال ولادت کی صحیح نشاندہی ممکن نہیں۔ لیکن مؤلف
برۃ الشرف نے حضرت حسین بلخیؒ کے چچا مولانا مظفر بلخی
متعلق تحریر کیا ہے کہ بہار شریف میں حضرت مخدوم شرف الدین
پاس ۷۵۰ھ میں پہنچے اور حسین بلخی کی پیدائش وہیں
بہار شریف کے سفر کے درمیان ہو چکی تھی۔ اس طرح اس
یہ پر پہنچا جا سکتا ہے کہ آپ کی پیدائش ۷۵۰ھ اور ۷۵۵ھ
درمیان ہوئی۔

لیکن آپ کی ایک مثنوی "زادالمسافرین" کے آخری
شعر سے

در ہفتصد و بست نہ در ہجرت ۷۲۹
گشت آخر این کتاب تمت

یہ اشتباہ ہوتا ہے کہ آپ کی ولادت ۷۰۰ھ سے کچھ
ل ہوئی ہوگی، حالانکہ یہ قطعی نا ممکن ہے، اس لئے کہ سیرت
شرف ہی کی روایت کو بنیاد مان کر پروفیسر سید حسین صاحب
نے مولانا مظفر بلخی کی ولادت کا سال ۷۲۵ھ سے ۷۳۰ھ
کے درمیان قرار دیا ہے اور یہ لکھا ہے کہ مولانا حضرت
مخدوم کے پاس ۳۰ یا ۳۲ سال کی عمر میں پہنچے اور اس وقت
تک حضرت حسین بلخی مختلف روایتوں کی بنا پر سن شعور کو
پہنچ چکے تھے، اس لئے مناسب یہی ہے کہ شعر مندرجہ میں
ہفت کو ہشت سمجھا جائے۔ اور اسے کتابت کی غلطی پر
محمول کیا جائے۔ اس طرح سنہ ولادت میں جو اختلاف
ہے وہ دور ہو جاتا ہے

تعلیم وتربیت:-

آپ بچپن ہی سے اپنے چچا مولانا مظفر بلخی کے زیر تربیت
رہے اور تعلیم بھی آپ ہی کی نگرانی میں ہوئی، مولانا نے ایک
قلمی نسخہ صحیح مسلم مع سند حدیث کے آپ کے حوالہ کیا تھا۔

جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ آپ کی انتہائی تعلیم بھی مولانا ہی کے
ذریعے اتمام تک پہنچی۔

مولانا کی معیت اور سجادگی:-

سفر و حضر غرضیکہ ہر جگہ اور ہمیشہ اپنے چچا کے ہمراہ رہے
اس لئے ان کی ذات سے فائدہ اٹھانے کا آپ کو پورا پورا
موقعہ ملا۔ حتیٰ کہ دو بار مولانا ہی کے ہمراہ زیارت حرمین
شریفین سے مشرف ہوئے۔ ایک عرصہ تک مولانا ہی کی
وجہ سے سنارگاؤں (بنگال) میں بھی قیام رہا۔ مولانا کے
وصال کے وقت عدن میں اپنے اعزا میں آپ کے سوا کوئی
موجود بھی نہ تھا اور مولانا ہی کی صحبت کا اثر تھا کہ آپ اپنے
والد کے پیر حضرت مخدوم احمد چرم پوش رح کی جانب ملتفت
نہ ہوئے اور حضرت مخدوم شرف الدین منیری رح کے حلقہ بگوش
ہو کر خرقۂ و خلافت سے سرفراز ہوئے اور مولانا مظفر بلخیؒ کے
ایماء سے ان کے بعد حضرت مخدوم شرف الدین رح کی خانقاہ
کے سجادہ ہوئے اور تقریباً ۴۰ سال تک مسند سجادگی پر جلوہ
افروز رہے۔

وفات:-

حضرت حسین بلخی نے تقریباً نوّے سال کی عمر پائی آپ کی وفات
بہار شریف میں روز شنبہ ۲۴ ذی الحجہ ۸۴۴ھ میں ہوئی
اور بہار شریف ہی کے ایک محلہ پہاڑ پورہ میں آپ کا مزار
مبارک مرجع خلائق ہے۔ گل بہار شرف مادہ تاریخ
وصال ہے۔

تصنیفات:-

چونکہ مولانا مظفر بلخی رح خود بھی تصنیف و تالیف کا ذوق
رکھتے تھے اور نثر و نظم دونوں فن پر کامل دستگاہ رکھتے تھے
لہٰذا چنانچہ نثر میں مکتوبات کا مجموعہ مرتبہ حسین بلخی اور مجموعہ اشعار
نظم میں آپ کی یادگار رہے، مجموعۂ اشعار کی تصحیح کے

بعد معہ حالات کے پروفیسر سید حسن صاحب نے ادارہ تحقیقات عربی و فارسی بہار پٹنہ سے حال ہی میں طبع کرایا ہے) اس لئے آپ کی رہنمائی اور سرپرستی میں حضرت حسن بلخی رحمۃ اللہ علیہ کو بھی، اپنی صلاحیتوں کے اجاگر کرنے اور اپنے خیالات کو ظاہر کرنے کا نظم و نثر دونوں ہی میں موقعہ ملا۔ میرا ماخذ اس وقت جناب سید شاہ محمد علی صاحب مدظلہ کا کتب خانہ ہے جس کے دیکھنے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کرنا پڑا کہ نثر کا حصہ نظم سے وسیع ہے پھر بھی نظم میں جو کچھ ہے اس کا پلہ بھاری ہے۔ اس لئے نثر و نظم دونوں ہی کا مختصر طور پر تعارف علیحدہ علیحدہ کرا دینا بے جا نہ ہوگا۔

نثر:-

نثر میں حسب ذیل کتابیں آپ کی یادگار ہیں۔ رسالہ اخص الخواص
رسالہ ریاض المحبین۔ رسالہ دربیان توحید۔ مناجات
رسائل در بیان معرفت راہ سلوک مکتوبات۔ ملفوظ گنج لایخفیٰ۔ یہ تمام کتابیں فارسی زبان میں ہیں۔ ان کے علاوہ ایک رسالہ بنام رسالہ حضرات خمس بزبان عربی بھی موجود ہے اس کی شرح آپ کے صاحبزادے حضرت حسن بلخی نے فارسی زبان میں کی ہے اور اس کا نام کاشف الاسرار رکھا ہے۔ یہ رسالہ مع شرح کے طبع ہو چکا ہے۔

نظم:-

درحقیقت اس وقت میرا موضوع تحریر حصہ نظم ہی ہے یہ حصہ آپ کی ایک مثنوی اور ایک دیوان پر مشتمل ہے۔ یہ دونوں ہی چیزیں علیحدہ علیحدہ تعارف کی محتاج ہیں۔

مثنوی:-

مثنوی کا نام "زاد المسافرین" ہے، اس کا ایک قلمی نسخہ ۱۰۴۲ھ اس وقت میرے پیش نظر ہے یہ اوسط تقطیع کے کاغذ پر ہے اور ۳۹ صفحات پر مشتمل ہے ہر صفحہ پر ۱۵ سطر ا

اشعار میں ابتدا ذیل کے اشعار سے ہوتی ہے ؎

اے بر ترازاں ہمہ کہ گفتند — آنانکہ پدید یا نہفتند
آنجا کہ تو ئی چو من نیاید — کس محرم این سخن نشاید

اور انتہا حسب ذیل اشعار پر ہوتی ہے۔

این گنج کہ رائیگاں کشادم — داد بدعائے خیر یادم
در منصفد و بست نہ ہجرت — گشت آخر این کتاب تمت

اس مثنوی کے ذریعہ اسرار و رموز راہ سلوک و تصوف کی وضاحت بڑے اچھے انداز سے کی گئی ہے اور ہر مقامات کی الگ الگ تشریح کے باوجود تسلسل تا آخر کتاب قائم رہتا ہے۔ ہر ہر مقام کی تشریح کے لئے علیحدہ علیحدہ حکایتیں بیان کی گئی ہیں۔ لیکن کمال یہ ہے کہ ہر ایک مقام و حکایت مفہوم کے اعتبار سے علیحدہ علیحدہ ہوتے ہوئے بھی دوسرے مقام سے متعلق ہو حکایتیں ایسے انداز میں بیان کی گئی ہیں کہ حکایت کم اور اظہار مدعا کا رنگ نمایاں رہتا ہے۔ مثال کے طور پر مقالہ پنجم میں راہ سلوک میں عشق کے مقام، مراتب اور اس کی اہمیت کی وضاحت کرتے ہوئے ایک حکایت اس طرح نظم کرتے ہیں ؎

مردے ز مجرد آن آزاد — روزے کہ صلائے عشق در دا
در حلقۂ عاشقان صادق — میکرد بیان عشق و عاشق
گفت آنکہ حدیث عشق گوید — باید کہ نصیب خود [illegible]
از مرتبہ بلا و محنت — ابلیس قدم بود بہمت
ہر کس کہ بعشق محرم آمد — خاتم زدہ دو عالم آ
آنجا دو جہان نیرزد — پائے ہمہ رہرواں [illegible]
حلاج کہ بود مرد مطلق — انجا نرسد [illegible]
او واسطہ گشت خود نبود او — حقا کہ [illegible]
بود از غلبات عشق در جوش — ناگاہ شکست [illegible]
در چشم دلش اقامت آمد — بر آب و گل [illegible]

دیوان :-

دیوان کا بھی ایک قلمی نسخہ میرے پیش نظر ہے لیکن کتابت کے اعتبار سے یہ زیادہ قدیم نسخہ نہیں اس میں فارسی کی ۷۲ غزلیں، قطعات ۳ نظمیں اور ایک قصیدہ ہے ان کے علاوہ چند ابیات اردو عربی کے چار اشعار بھی اس میں درج ہیں، ابتدا میں غزلیں قطعات اور اشعار متفرق باعتبار حروف تہجی درج ہیں - ایک نظم اور قصیدہ بھی اسی ترتیب کی بنا پر درمیان میں ہے اور بقیہ نظمیں جو ہم ردیف نہیں ہیں وہ آخر میں ہیں، دیوان کی ابتدا ایک قطعہ سے ہوتی ہے جو یہ ہے

اے صفائے چہرۂ تو داد صوفی را صفا　　سجدہ گاہ ابروت محراب پر اصطفا

نقش عارض چون ید بیضیٰ و مار موسیٰ　　خال خدش چون بلال آستینہ مصطفیٰ

غزلوں میں ہر طرح کے اشعار موجود ہیں مضامین عشقیہ نکات فلسفہ، جوش و سرمستی، پند و موعظت، سلاست و روانی رعنایت و منظر کشی غرضیکہ فن شاعری کی ہر صفت کم و بیش آپ کے اشعار میں موجود ہے - بطور نمونہ چند اشعار غزلوں کے نیچے دیوان سے منتخب کر کے پیش کیے جاتے ہیں ؎

مطرب بیا و نغمۂ عشاق را نواز　　ساقی بیار بادہ کہ محبوب در برا ست

اگرچہ صورت اشیاء تعدد است ولیک
ہمہ حقیقت اشیاء شمول وحدت اوست

نہ انتظار لقائش کنند حسین کہ
کہ در مقابل چشمش ہمیشہ صورت اوست

از فلک راوانمائم روئے خود از تیرہ خاک　　روح قدسی ترک آرد سجدہ تقدیس را

در کائنات ہر چہ بصورت مقید است
از مخزن وجود بدین شکل آمدہ است

نرگس پرخمار تو عزم شراب می کند　　صد چو حسین سر طرف سینہ کباب می کند

نگار اچند کہ با پردہ باشی
کہ تو مائی و ما با تو سراسر

فقر یک رنگیست کانجا مردوئی را نیست راہ
این حدیث از صوفیان با صفا آوردہ ام

چلہ بخلوت گہ صوفی بجز الا نبود　　غم لا نخورم زانکہ ہمہ لا زدہ ام

اے صدف در بحر حاصل چہ کند اگر
سینہ را صد پارہ گردانی تا دُر یکدانہ شد

خودی چو حبس زمانست برگزند زخودی　　بقربتین فزادی الی بکون رجوعی

مومن و ترسا و مغ اندر سماع آوردہ ایم
زان نواہائے حقیقت در رباب افگندہ ایم!

پارسایان اندرین رہ بت پرستی می کنند
ما ورع در جام و تقویٰ در شراب افگندہ ایم

ایک غزل کے مندرجہ ذیل مسلسل اشعار منظر نگاری میں اپنا جواب نہیں رکھتے ؎

باز ہر سوئے طرب آغاز شد　　باز بلبل با چمن ہمراز شد
باز گلہا از چمن پیغام داد　　باز شوق دلبران آغاز شد
باز آن چشم ہائے وحشی جوش زد　　باز بادہ با قدح دمساز شد
باز شوقے در نہاد ما نہاد　　باز آن زیبا پسر در ناز شد

قصیدہ حضرت مولانا مظفر بلخی رح کی مدح میں ہے اور ۳۳ اشعار پر مشتمل ہے - پہلا شعر یہ ہے ؎

تا بملک فقر من عالی لوا آوردہ ام
پائے ہمت بر سر اوج علا آوردہ ام

جس شعر سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ یہ قصیدہ حضرت مولانا کی مدح میں ہے وہ یہ ہے -

ور طفیل قطب عالم شیخ برہان الہدیٰ
کحل ما زاغ البصر از مصطفیٰ آوردہ ام

حضرت مولانا کا مکمل نام مولانا برہان الدین مظفر شمس بلخی رح ہے اور تخلص بھی آپ برہان ہی فرماتے تھے - چنانچہ اسی مناسبت سے شعر مذکورہ میں حضرت حسین بلخی نے برہان الہدیٰ لکھا ہے -

نظموں میں پہلی نظم ۱۲۲ اشعار کی ہے، یہ نظم مسلسل ہے اور غنائیت اس میں بدرجۂ اتم موجود ہے ابتدا کے دو اشعار ملاحظہ ہوں ؎

من جام دُرد خوارم اللیت لیت لستم
با کس چہ کار دارم اللیت لیت لستم

از جام عشق مستم و ز ما من پرستم
بیرون ز نیست و ہستم اللیت لیت لستم

دوسری نظم وصف و مقام قلندری کی وضاحت میں ہے اور اس میں ۱۱۳ - اشعار ہیں ؎

قلندر کی بباید در عبادت
قلندر کے بگنجد در اشارت

قلندر نیست کشتہ در خدائی
بآنجا بندگی دان نی خدائی

قلندر چیست یعنی محو گشتن
پس آنگہ در مقام سہو رفتن

تیسری نظم مضامین حمد و مناجات پر مشتمل ہے اسمیں ۱۱۷ اشعار ہیں۔ ابتدا کے ۱۳ - اشعار ثنائیہ اور بقیہ ۴ - اشعار دعائیہ ہیں حصہ اول کے چند اشعار یہ ہیں ؎

یران عزمے کہ مارا بود در دل
خدا آورد بیرون پلئے از گل

جہانو بیتو کو در کار ما کرد
لبے اقفال خذلان بستہ وا کرد

زلیب واماندگان دادہ فراغی
منور کرد الشان را چراغی

آخر کے دعائیہ اشعار ملاحظہ ہوں ؎

لبے محمود کرد آن حال مارا
فرو مگذار ضائع ذال مارا

ز نعمت خوان تو دلشاد دارم
بر نگونہ ز تو امید دارم

چوتھی اور آخری نظم پند و نصائح پر مشتمل ہے اور ان نصائح کو حضرت مخدوم جہاں شیخ شرف منیری رح کے فرمودات کہتے ہیں ؎

مقتدائی دین پیرم منیری
این سخن از ما گفت از سر

ای برادر گر بخواہی اصل کار
این سخن را در دل خود یار

اس نظم میں صرف ۱۰ - اشعار ہیں۔ آخر کے حسب ذیل ہیں اور انہی پر دیوان کا اختتام

از ہوای حرص دل را قطع کن
با چنین را اتباع شرع

ہر کہ این را می رود دلشاد باد
دین لغم از بہر او آباد

اقبال کے نام

بدر اختر فاروقی

آج بیٹھے بٹھائے تمہیں یہ کیا سوجھی۔ میں پوچھتی ہوں تم کو کرید نے سے کیا حاصل؟ نیم خشک زخموں پر نشتر زنی کیوں کر سود مند ثابت ہو سکتی ہے؟ یا اس عقدۂ لا حل کا ذریعۂ تسہیل خدارا اقبال تم ہی بتا دو۔ گذشتہ دو روز سے میرا ذہن ماضی کی سنہری یادیں ڈوبا ہوا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے گردش ایام پیچھے کی طرف دوڑ رہی ہو۔

پہلی ملاقات کی مسرت انگیز یاد اب بھی میرے دل و دماغ میں بے کراں تلاطم پیدا کر رہی ہے سماج کے تمام بندھنوں کو بے اختیار جی چاہ رہا ہے اُس سماج نے جس نے دو دلوں اور دو ہم آہنگ روحوں کے درمیان سنگین دیواریں تعمیر کیں۔ عمر کے ایک حسین حصہ کو خلش مسلسل اور سوز دروں میں بسر کرایا فطرت انسانی کا خاصہ ہے۔ کہ وہ ہمیشہ تلخیوں سے شیرینی نچوڑتی ہے۔ پھر بھلا میں ہی کس طرح اُس ٹی پارٹی کو بھول سکتی ہوں۔ جو ہم دونوں کے باہم اختلاط کی حامل ہے۔ آفتاب بھائی ایم اے میں پاس ہوئے تو اُن کے دوستوں نے پارٹی مانگی تھی۔ انہوں نے اپنے دوستوں کی فرمائش کو پورا کرنے کے لئے لان پر ٹی پارٹی کا انتظام کیا۔ سب دوستوں کے جھرمٹ میں تم بھی آئے۔ یہ میرا تمہاری ذات سے پہلا تعارف تھا نستعلیق چہرہ، آنکھوں میں عجیب سی چمک تھی جسے لانبی لانبی پلکیں چھپانے کی ناکام کوشش کر رہی تھیں۔ تخیل کے دھندلکوں میں تمہاری اُسوقت کی تصویر مقید ہے۔ ٹی پارٹی میں بھیا کی دوست چند کرسچین گرلز بھی شریک ہوئی تھیں۔ سب ہی کچھ نہ کچھ بات چیت کر رہے تھے۔ مگر تم بالکل خموش تھے۔ کچھ دیر بعد تمہارا مجوبانہ سکوت ہی سب کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ سب سے پہلے غالباً بھیا ہی نے پہل کی تھی "ارے اقبال تمہارے ٹینس ٹورنامنٹ کا کیا رزلٹ رہا؟" تم پہلے تو کچھ دیر خموش رہے۔ پھر کچھ اس طرح جواباً بوکھلا کر بولے کہ خواہ مخواہ سب کو ہنسی آگئی (یاد ہے نا تمہیں بھی؟) تمہاری محجوبانہ جبلت سے سب ہی متاثر ہوئے تھے۔

"یہ فروٹ کھائیے جناب" سلویا نے کچھ اس طرح کہا کہ تم ایک بار پھر جلدی جلدی پلکیں جھپکانے لگے۔ اس درجہ شرمیلا آدمی اس دور میں یقیناً عجوبہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور بالخصوص کرسچین گرلز کے لئے۔ جوزف اور صوفیہ تمہیں فی الواقعہ اس طرح گھور رہی تھیں۔ جیسے بالعموم لکھنؤ کے (زوو) میں کسی عجیب الہیکل جانور کو ہم بچے حیرت سے دیکھتے رہجاتے ہیں۔

"اجی حضرت اب کب تک شرم کیجئے گا"

صوفیہ کا یہ جملہ تمہیں ایک بار پھر طنز کے میدان میں گھسیٹ کرلے گیا......

"ارے وہ کہاوت کیا ہے" بھیا کے ایک دوست بولے "جس نے کی شرم......"

ایک اور مسخرے سرخرو ہو کر بولے "اس حجاب پرستو بے حجابیاں صدقے......" بالآخر اس مذاق کا خاتمہ بھیا کے ایک جملے سے ہوا "بھئی تم لوگ تو خواہ مخواہ غریب کے پیچھے پڑ گئے۔ ایسا تو احمق بھی نہیں ہے جتنا تم سمجھ رہے ہو"

ٹی پارٹی ختم ہوئی سب دوست بھیا کو مبارکباد دیتے ہوئے اٹھ گئے۔ جوزف وسیلویا وغیرہ بھی جا چکی تھیں۔ اور غالباً بھیا بھی اٹھنے کے لئے سوچ رہے تھے۔ بہر حال میں نے تمہیں اس وقت پہلی بار یوں مخاطب کیا "اقبال صاحب کیرم کے بہت زیادہ شوقین معلوم ہوتے ہیں۔" یہ بھی کوئی بات تھی یہ بھی کوئی سوال تھا۔ مگر وہ تو یہ کہئے کہ آپ کے قدموں کو جانے کے لئے ایک بہانہ تھا۔ تمہارے بولنے کی امید تو تھی ہی نہیں۔ مجبوراً بھیا بول پڑے۔" انھیں کیرم اور مطالعہ کے علاوہ کوئی شغل ہی نہیں آتا۔ جب کسی ایک کام سے گھبرا جاتے ہیں۔ دوسرا شروع کر دیتے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ جیسے ان کی زندگی کا انحصار انہی دوراہے پر ہو۔ پہلے ان کو لاکھ بار سمجھایا کہ بھائی بکچر دیکھنے چلے جایا کرو۔ کوئی اور کھیل کھیلو۔ جس سے جسمانی ورزش ہو مثلاً ہاکی بیڈمنٹن وغیرہ۔ خالی انگلیوں کی ورزش سے کیا ہوتا ہے۔ ہاں صفیہ یہ بات کیا بلکہ حقیقت ہے کہ یہ کیرم میں اپنا جواب نہیں رکھتے ایک گیم ہو جائے اگر تمہیں چانس مل جائے تو میرا نام بدل دینا۔"

"واقعی......"

"اور کیا میں جھوٹ بول رہا ہوں تم دیکھ لو نا ایک گیم کھیل کر۔"

بھیا تو چلے گئے...... میں انہیں دزدیدہ نظروں سے بھیا کو دیکھتی رہی جب وہ بالکل ہی نظروں سے اوجھل ہو گئے تو میں نے تمہیں چھیڑا۔ "آپ نے تو ہم مشرقی عورتوں کو بھی مات کر دیا۔ استغفراللہ چوڑیاں پہن لیجئے۔" اور صرف یہی نہیں بلکہ "اللہ تیری قدرت اور کرشمہ سازیوں کے تصدق۔ کیسے کیسے لوگ ابھی دنیا میں موجود ہیں۔" اس طنزیہ زہرناکی کو بھی تم نے محسوس نہ کیا۔ اور تمہارے سکوت میں کوئی جنبش نہ ہوئی۔

"ہائے دل کو یقین نہیں کہ آپ اس دور کی پیداوار ہیں۔ کاش آپ کو حکومت کسی میوزیم میں رکھ دے۔ آپ فی الواقع پرانی تہذیب اور اخلاق کی جیتی جاگتی تصویر ہیں۔ آپ دنیا کے لئے آٹھویں عجوبہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ آپ قدرت کی اچھوتی تخلیق ہیں اس لئے کہ زبان رکھتے ہوئے اس کے استعمال سے ناواقف ہیں۔ خدا کی قسم اقبال آپ کا وجود قدرت کی نوع بنوع صفات کا مظہر ہے۔"

میری طنز کے زہریلے نشتروں نے تمہیں بولنے پر مجبور کر دیا۔ اور تم ادھر ادھر دیکھتے ہوئے آہستہ سے بولے۔ "کب تک سنائیں گی......"

میں نے پھر اپنے مخصوص طنزیہ لہجہ میں کہا۔

"ہاں ہاں صاحب اللہ چور کو نوال کو ڈانٹے یہ بہت پرانا ہے۔ یعنی سنا آپ رہے ہیں یا میں! مجھ میں یہ تاب یہ مجال یہ طاقت نہیں مجھے۔"

"مضحکات" کے بعد میں تمہیں اپنے کمرے میں لے گئی اور وہاں دیر تک کیرم ٹورنامنٹ ہوتا رہا۔ تم گھبراہٹ اور ہچکچاہٹ کے بہت [illegible] تھے۔ اقبال! کل سے یہ تمہارا جملہ مجھے [illegible] تم نے اسٹرائکر ہاتھ میں لے کر مسکرا کر کہا تھا۔

"اگر کوئی ہمیں دیکھ لے تو......"

"تو کیا ہوگا" میں نے تمہیں بہت [illegible] بھئی ہم کھیل ہی تو رہے ہیں اور کچھ تو [illegible] تم میرے اس بیباکانہ جواب سے [illegible] کھیلنے لگے تھے۔ جب جانے لگے تو میں نے [illegible] بڑے دلچسپ آدمی ہیں بولے اب کہاں [illegible]

"جب آپ چاہیں اور جہاں چاہیں" [illegible] کچھ اس طرح بولے جیسے برسوں کی تمنا [illegible] تمہیں بتایا کہ میں وکٹوریہ گارڈن میں [illegible] ٹہلنے جایا کرتی ہوں سورج کی [illegible] بام کو مطلا کر رہی تھیں۔ میں نے لان [illegible] کہا۔ شام سورج کی زریں کرنوں کو [illegible] چھپا کر چلی گئی۔ ظلمت بڑھ رہی۔ شب [illegible]

حکومت شروع کر دی اور میں خلاف معمول سویرے اپنے کمرے میں آکر لیٹ گئی۔ دماغ طرح طرح کے خیالات کی آماجگاہ بنا ہوا تھا۔ (اقبال میں نے یہ بات آج تک نہیں کہی مگر آج خود کو کہنے پر مجبور پاتی ہوں) اس رات کو مجھے ہر طرف تم ہی تم نظر آ رہے تھے۔ کبھی تمہارے گھونگھر والے بال تھے اور میری لانبی لانبی انگلیاں۔ کبھی تمہاری حجاب آگیں نظریں ہوتیں اور میری تمالتی ہوئی گشت ہوتیں۔ یہ تصور اور یہ خیال کا ذکر ہے۔ یہ محبت کی اوّلین شب کے خواب تھے۔ جنہیں آنیوالی سحر نے حقیقت بنا دیا۔

ہوا یہ جیسے تیسے شب گذری۔ اور میں نے معمول سے ذرا قبل ہی وکٹوریہ گارڈن کی راہ لی۔ تم پہلے ہی سے موجود تھے مجھے دیکھ کر بڑی حیرت ہوئی کیونکہ تمہارے آنے کی اتنی فیصد امید نہ تھی۔ (تاہم دل بھی نہ مانتا تھا جائے بغیر) تمہاری موجودگی سے یہ تو میری سمجھ میں اچھی طرح آگیا کہ دونوں طرف آگ لگائی ہے عشق نے۔ وہ اختیار میں ہیں نہ میں اختیار میں۔

تم پھر وہی مجوبانہ سکوت۔ میں بھی عمداً کچھ نہ بولی۔ تھوڑی دیر تک ہم چپ چاپ باغ کی مختلف روشوں پر ٹہلتے رہے۔ ابھی اچھی طرح سحر نہ ہوئی تھی باغ کی خاموش فضا میں ہم ادھر ادھر طائرانِ آزاد کی نند گھومتے رہے تھے مجھے تمہارے سکوت سے وحشت ہونے لگی۔ اور مجھ سے چپ نہ رہا گیا۔ (ویسے بھی شرارت میری جبلت میں داخل ہے) سوچا کہ اب کی بار تمہیں ایسا سبق دوں کہ عمر بھر یاد رہے (میرا خیال ہے کہ بھولے تو تم بھی نہ ہو گے) میں پروگرام کے مطابق روشوں پر ٹہلتے ٹہلتے ایک دم سبزہ پر گر پڑی۔ اور پھر منہ سے ہنگر وہ قسم کی کرب انگیز آوازیں نکالنے لگی۔ پہلے تو چپ چاپ کھڑے حیرت سے مجھے دیکھتے رہے پھر ایک دم بوکھلا گئے۔

"کیا بات ہے؟"

جوں جوں میرا اضطراب بڑھتا جاتا تھا تمہاری بوکھلاہٹ بھی فزوں ہوتی جاتی تھی۔ تم میرے بالکل ہوتے ہوئے بولے۔ "کیا سینہ میں درد ہے؟"

"آپ کی بلا سے؟ آپ نے پرسش کی تکلیف کیوں اٹھائی۔" میں نے بے اعتنائی سے جواب دیا۔

تم سہم کر میرے پہلو میں سبزہ پر بیٹھ گئے۔ "اقبال صاحب آپ ناحق پریشان ہو رہے ہیں۔ ارے دیکھئے نا آپ کی پینٹ کی ساری کریز خراب ہوئی جا رہی ہے۔ آپ جانتے ہیں آپ سے تکلیف دہی کی معافی چاہتی ہوں۔"

"ہوا کیا ابھی تو اچھی بھلی تھیں۔"

"دل ہی تو ہے نہ سنگ وخشت ..."

"کیا اس سے پہلے بھی اس قسم کے دورے پڑتے رہے ہیں؟"

مجھے نہیں معلوم کہ میں نے کس طرح تمہارے اس استفسار پر ہنسی کو ضبط کیا تھا...... میرے سکوت پر تم نے ایک سوال اور کر ڈالا۔ "کیا تکلیف ہے آپ کلیجہ کیوں تھامے ہوئے ہیں۔ خدانخواستہ ..."

خدارا مان جائیے آپ۔"

"نہیں مانیں گے آپ کو بتانا ہوگا۔"

"میں نے پھر سکوت اختیار کر لیا۔ میں تمہیں تنگ کرنے کی ٹھان چکی تھی نا۔

"کیا آپ کو میرے اوپر اعتماد نہیں ہے؟"

ادھر وہی ایک خامشی تھی سب کے جواب میں۔ میرا ایک ہاتھ اب بھی سینہ پر تھا۔

"بتائیے کیا تکلیف ہے۔ ڈاکٹر کو بلاؤں؟"

"جہاں آپ جیسا مسیحا موجود ہو۔ وہاں ڈاکٹر غریب کی کیا چلے گی۔"

تم میرے اس برجستہ جواب پر کافی شرمائے تھے مگر اس وقت تو شرم ہی کو شرم آ رہی تھی۔ "صفیہ" تم نے بڑے ہی پیار بھرے لہجہ میں کہا "تمہیں میری قسم جو نہ بتائیں۔"

"اُف بات یہ ہے" میں نے اس طرح اٹک

ٹھنک کر کہا جیسے واقعی جان کنی یا نزع کا عالم ہو۔

ع "پہلو میں ہمارے دل مضطر نہیں ملتا"

تم چند لمحوں تک حیرت سے دیکھتے رہے۔ پھر میری تمام شرارت کی تہہ تک پہونچتے ہی ہنس پڑے۔ جیسے دفعتاً کسی نے بلور کا پیالہ زمین پر پھینک دیا ہو۔ ساتھ ہی میں نے محسوس کیا کہ ہمارے درمیان میں حائل شدہ تمام دیواریں منہدم ہو گئیں۔ اور جیسے ہر قسم کے پردے چاک ہو گئے ہوں۔

"ہائیں! آپ کی وہ شرم کہاں گئی۔؟ وہ حجاب کیا ہوا؟"

"تم بہت شریر ہو" تمہارا لہجہ شکایت آمیز تھا۔ "میرے تو کاٹو بدن میں لہو نہ تھا۔ وعدہ کرو اب تو نہ ستاؤ گی"

وقت کا محور گھومتا رہا۔ اور ہم اور تم قریب سے قریب ہوتے گئے۔ حقیقت یہ ہے کہ قریب سے قریب تر ہونے کے باوجود ہمارے درمیان میں خلا رہا تھا ہم ایک جان دو قالب ہونے کے باوجود زمین اور آسمان کی طرح بُعد رکھتے تھے۔ ہمارا اظہار عشق بھی خاصا اخلاقی لیکچر ہوتا تھا۔ انھیں دنوں کی بات ہے آفتاب بھائی اور ممی ڈیڈی سے ملنے کراچی گئی ہوئی تھیں گھر میں ایک معمر ملازمہ امور خانہ داری کی دیکھ بھال کے لئے باہر کے کاموں کے لیے خدا بخش ملازم تھا۔ اس فضول سے تذکرہ کا مقصد ہے کہ اُن دنوں میں بالکل آزاد تھی۔ کالج سے واپسی پر اکثر میری شامیں تمہارے ساتھ گذرا کرتی تھیں۔ میں تو خیر تمہارے یہاں جاتی ہی تھی۔ اکثر تم بھی آفس سے واپسی پر میرے یہاں آجاتے تھے۔ کیرم کے علاوہ شطرنج، بلیرڈ، پنگ پانگ، تاش جیسے کھیل، کھیلے جاتے تھے۔

یکا یک ایک شام تم بہت گھبرائے سے آئے۔ پرسش کے بعد معلوم ہوا کہ دفتر سے ڈائرکٹ آرہے ہو۔ اس روز تمہارا کسی کھیل میں جی نہیں لگا تھا۔ تمہارے اس غیر معمولی تغیر پر مجھے تشویش ہوئی۔ پرسش کی مگر تم ٹال گئے اور یونہی کئی دن تک ٹالتے رہے۔ میرا اصرار بھی بڑھتا رہا بالآخر ایک دن تمہیں کہنا ہی پڑا۔ "صفیہ میں سخت کشمکش میں مبتلا ہوں کیا کروں کیا نہ کروں والدہ مصر ہیں کہ میں ...."

تم پھر شرما کر پلکیں جھپکانے لگے۔

"کیا بات ہے کس بات کے لئے اصرار ہے" اور حال آنکہ میں سب کچھ سمجھ گئی تھی۔ مگر تمہارے منہ سے کہلوانے میں بھی تو لطف آتا تم رومال منہ پر رکھ کر کھکارنے لگے۔ تمہارے اوپر شرم کا دورہ پڑ گیا

"اللہ اللہ یہ تجاہل"

حقیقت یہ ہے کہ میرا صریح تجاہل عار [illegible]

"تمہیں بھی ضد ہے کہ اپنی زبان سے اپنی [illegible] نہ کروگے"

"بعض اوقات طبعی شرافت بھی تو [illegible] جاتی ہے"

تمہاری آنکھوں میں بے [illegible] کی چمک [illegible] وقت مکمل ترین یقین تھا کہ تم اپنے جذبات [illegible] اپنی تمناؤں کا گلا گھونٹ دوگے۔ مگر اپنی [illegible] والدہ کے سامنے اپنی رائے یا پسند کا اظہار نہ [illegible] خیال کے ماتحت میں نے جو پہلا عمل [illegible] یہ تھا کہ میں تم سے خود کنارہ کشی اختیار کر لوں [illegible] خلوص سے ضعیف العمر ماں کے حکم کی تعمیل [illegible] یہ خیال پیدا نہ ہو کہ تم میرے ساتھ ہو [illegible] چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا، ورامتحانات کے [illegible] ہی ایک سہیلی کی شادی میں شرکت کے [illegible] چلی گئی۔ لیکن میرے ارادے پست ہو [illegible] نہ تھی وہ ہوا۔ دو مہینے کامل گذرنے [illegible] کا خط آیا۔ معلوم ہوا کہ تم شادی کے نام سے [illegible] نے والدہ سے صاف صاف کہہ دیا کہ [illegible]

نیز ممتاز نے یہ بھی لکھا تھا کہ [illegible] دفتر سے واپسی پر اپنے کمرے میں [illegible]

رہتے ہیں۔ فکر و تردد میں زیادہ وقت گذرتا ہے۔ میرے لئے یہ چیز از حد سوہان روح تھی۔ مگر کیا کرتی دل کو مسوس کر رہ گئی یہ بھی سوچا کہ تمہیں ایک خط لکھ کر مطعون کروں۔ ماں کے حکم کے خلاف ورزی پر شرمندگی دلاؤں۔ مگر افسوس ہے کہ میں ایسا بھی نہ کر سکی دراصل مجھے خوف تھا کہ کہیں تم اپنا دماغی توازن نہ کھو بیٹھو۔ بہرحال میں نے ممتاز کو ایک خط لکھ کر مجبور کیا کہ وہ کم از کم ہر ہفتہ تمہارے حالات سے مطلع کرتی رہے......

خدا جانے وہ خط ممتاز کو ملا یا نہیں مگر یہ حقیقت ہے کہ اس کے بعد ممتاز نے مجھے کوئی خط نہیں لکھا......تین ماہ کی مدت گذارنے کے بعد میں لکھنؤ واپس آ گئی۔ چند دن بعد کسی سے معلوم ہوا کہ تمہاری والدہ انتقال فرما گئیں۔ ہاں تمہاری یہ شکایت بجا ہے کہ مجھے خود تعزیت کے لئے آنا چاہیئے تھا لیکن یہ حقیقت ہے کہ میں نے تمہارے پاس پہنچنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ شاید اس لئے کہ مجھ میں تمہیں مجنون اور برباد تمنا دیکھنے کی تاب و طاقت نہ رہی تھی۔ ویسے تمہارے غم میں اب بھی شریک ہوں۔ لکھنؤ واپس آنے کے ایک ہفتہ بعد یکایک میں نے محسوس کیا کہ "میں سنگدل ہوں" میں نہیں کہہ سکتی کہ کونسی حس نے مجھے مطعون کیا۔ "تو بے وفا ہے" میرے ضمیر نے میرے عزائم کی پرزور مخالفت کی۔ میرے ضمیر کی یہی پکار تھی "تو اپنے سچے محبوب کے قدموں پر گر کر معافی مانگ لے۔" میں نے خلاف اقتضا جد و جہد کی کہ تم سے ملوں۔ مگر یکایک ممتاز نے ایک حیرت ناک خبر سنائی "آج کل صبیحہ کا بیت آنا جانا ہو رہا ہے۔"

"کون صبیحہ؟"

"خان بہادر الطاف کی لڑکی۔"

میرے حواس کوچ کر گئے۔ اور آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا گیا۔ صبیحہ میری کلاس فیلو تھی۔ بلکہ دوست بھی تھی۔ مگر اسے میرے تمہارے تعلقات کا علم نہ تھا۔ کئی دن کے فکر و تردد کے بعد میں نے پیش رو مراحل کے تحت پھر لائحہ عمل مرتب کیا۔ میں صبیحہ کے یہاں اس لئے گئی تھی۔ کہ منتہائے طور پر تمام واقعات کا جائزہ لوں لیکن وہاں نقشہ ہی دوسرا نظر آیا۔ صبیحہ کا کہیں پتہ نہ تھا۔ اور سب لوگ منہ لٹکائے بیٹھے تھے۔ خان بہادر صاحب کے راستہ و پیراستہ قصر پر اداسی اور ویرانی کا دور دورہ تھا۔

"آؤ بیٹی" خان بہادر صاحب نے بڑے تپاک طور سے میرا استقبال کیا میں نے بیٹھتے ہی پوچھا۔

"صبیحہ باجی کہاں ہیں۔؟"

"طبیعت ناساز ہے۔ اپنے کمرے میں پڑی ہیں"

"نصیب دشمنان......کیا طبیعت خراب ہے؟"

صبیحہ کے والد کے ہونٹ کپکپا رہے تھے آواز بھرا رہی تھی۔ میں نے مزید استفسار مناسب نہ سمجھا۔ یہ بھی میری توقع کے خلاف تھا......

"اجازت دیجئے ذرا میں دیکھ آؤں"

"ناں بی بی ڈاکٹر نے تنہا چھوڑ دینے کو کہہ دیا ہے"

"تم چلی جاؤ مگر ذرا......" خان بہادر صاحب نے مجھے اجازت دیدی۔

"شکریہ مطمئن رہیئے میں کوئی ایسی بات نہ کرونگی"......

صبیحہ کا کمرہ جو کسی وقت آراستہ رہا کرتا تھا۔ اُس دن کسی کباڑی کی دکان کی طرح بدتر نظر آ رہا تھا۔ تابدانوں کے شیشے ٹوٹے ہوئے۔ تصویروں کے فریم سب چکنا چور تھے۔ سنگھار دان میز ایک کونہ میں نگونسار تھی۔ کرسیاں دست و پا سے محروم ہو چکی تھیں۔ ایک کونہ میں صبیحہ بیٹھی تھی۔ اس کی آنکھیں اشک بار تھیں۔ لمبے لمبے خوبصورت بال الجھے ہوئے تھے۔ گلے میں دوپٹہ بھی نہیں تھا۔ میں ایسی ہیبت کذائی میں صبیحہ کو دیکھ کر کانپ گئی۔

"اقبال! کاش تمہارے پہلو میں پتھر کے بجائے دل ہوتا۔ تم ہنس رہے ہو۔ اور میں رو رہی ہوں! تمہیں میری بے بسی پر ذرا بھی رحم نہیں آیا۔ [illegible] تصویر سے شاکی تھی۔ میں آہستہ آہستہ [illegible] پہنچ گئی۔ مگر اُسے بالکل آہٹ [illegible]

سے بے نیاز تھی۔

"صبیحہ" میں نے اس کا شانہ جھنجوڑتے ہوئے مخاطب کیا۔ وہ دو تین منٹ تک بغیر پلکیں جھپکائے مجھے تکتی رہی۔ جیسے آشنا ہی نہ ہو۔ "ارے صفیہ" وہ بے حافظہ پر زور دیتی ہوئی بولی۔

"یہ کیسا حلیہ بنا رکھا ہے۔؟"

"چارہ گری کا دعویٰ اور دلسوزی سب کا شیوہ ہے جراحت نواز کوئی نہیں تم بھی شاید میرے زخموں پر نشتر زنی کرنے آئی ہو"

دوسرے ہی لمحے مجھے خان بہادر صاحب کی ہدایت یاد آ گئی۔

"میری اچھی بہن:" میں نے لہجہ بدل کر کہا "مجھے جلدی بتاؤ ورنہ میں پاگل ہو جاؤں گی۔ تم اس تغیر کی وجہ کیا ہے اور یہ انقلاب کیونکر رونما ہوا۔؟"

صبیحہ خاموش رہی۔

"میری صبیحہ!" میں نے پھر التجائیہ لہجہ میں کہا "جلدی بتاؤ یہ تصویر کیسی ہے؟ اور یہ کاغذ کے دریدہ ٹکڑے کیا مفہوم رکھتے ہیں؟"

وہ چپ چاپ کاغذ کے دریدہ ٹکڑوں کو جوڑنے لگی۔ یہ ایک خط تھا جسے چاک کر دیا گیا تھا۔ خط کے ٹکڑے بھیگے ہوئے اور تحریر تقریباً معدوم تھی۔ تاہم میں نے بہ ہزار وقت صرف اس قدر پڑھا۔ "صبیحہ! مجھے افسوس ہے کہ تم... غلط امید رکھے ہوئے ہو۔ میں قطعاً خود کو تمہارے قابل نہیں پاتا تم ہی خود سوچو غور کرو۔ میں غریب ہوں۔ اور تم......؟ تمہارے مقدر کی قسم کھائی جاتی ہے۔ کہیں اطلس میں ٹاٹ کا پیوند بھی لگایا جاتا ہے۔ خان بہادر صاحب کسی طرح بھی مجھے اپنا داماد نہ بنائیں گے یہ حقیقت ہے میں تم سے محبت کرتا ہوں۔ ہماری محبت بہن بھائی کی محبت ہو سکتی ہے۔ مگر اسے کسی اور معنوں میں استعمال کرنا میری نگاہ میں معیوب کن ہے۔ مجھے امید کہ تم آئندہ اس سلسلے میں کوئی خط نہ لکھو گی"

یہ تمہاری تحریر تھی اور نیچے تمہارے دستخط تھے۔ تمہاری یہ تحریر پڑھ کر میرے اندر صبیحہ سے مزید استفسار کی سکت نہ رہی اقبال! باور کرو میں نے صبیحہ کو اس وقت دلاسے دیئے جب میں خود اپنے تئیں بے آسرا محسوس کر رہی تھی۔ میں نے اس سے کہا تھا "بہن خود کو سنبھالو دنیا میں سعی مسلسل مشکل کو سہل تر بنا دیتی ہے۔ فارسی زبان کا مشہور مقولہ ہے" در مذہب عشق ناامیدی کفر است" میری باتوں سے صبیحہ کو کچھ تسکین ہوئی۔ جب تک بیٹھی رہی سمجھاتی رہی۔

"تم خدا کے فضل سے صاحب دولت و ثروت ہو۔ اقبال سے خدا جانے کتنے غلام زیر پر [illegible] رات گئے واپس ہوئی۔ گھر آ کر بیٹھی ہی تھی [illegible] ٹیلیفون کی اطلاع دی۔ میں نے ریسیور اٹھایا [illegible] کی آواز آئی "اطلاع یہ ہے کہ اقبال [illegible] اداس سے نظر آتے ہیں۔ آج میں کئی بار چھت [illegible] دیکھنے کے لئے گئی۔ میں نے صبح ریڈنگ روم [illegible] ہوئے دیکھا تھا۔ اس وقت بھی نالباً وہیں [illegible] ہوتا ہے کہ کچھ طبیعت ناساز ہے۔ چھٹی لے لی ہے [illegible] روز سے شیونگ تک نہیں کیا تھا [illegible] نے ممتاز کو چند ہدایات دینے کے بعد فون کا [illegible] منقطع کر دیا......... دوسری صبح شاید [illegible] سے اٹھی...... مگر ملازمہ نے آدھی رات ہی کو [illegible] خان بہادر صاحب نے بلایا تھا۔ صبیحہ کو دورہ [illegible] پڑ گیا تھا۔ ملازم کار لے کر آیا تھا مجبوراً مجھے جانا پڑا...

اس بار حالات کچھ اس طرح بگڑے تھے کہ سعی بلیغ رائیگاں ثابت ہوئی میں نے لاکھ صبیحہ کو سمجھانے کی کوشش کی مگر میری باتوں سے دلاسا اور تسکین تو کجا جینے کی بھی امنگ نہیں۔ خان بہادر کے استفسار پر میں نے تمام قصہ من و عن بیان کر دیا اور تمہارا تعارف بھی کرا دیا۔ تمہارا اندیشہ بجا تھا۔ خان بہادر صاحب نے سر پیٹ

میں صبیحہ سے زیادہ اپنی وضع کا خیال تھا۔ جب میں رخصت ہونے لگی تو انھوں نے مجھ سے کہا۔ "بھئی! اب ہم تو تنگ آ چکے ہیں۔ بانجی بھیجنے کا پروگرام ہے۔"

جو رائے عالی ویسے میں ایک بار صبیحہ کے لئے ایک خوشی قدم اٹھا رہی ہوں"

"یعنی ۔ ؟"

"اقبال سے مل کر تمام واقعات بتاتی ہوں شاید —"

"شاید ۔ شاید کچھ نہیں مجھے تمہاری یہ تجویز پسند نہیں ......"

پھر میں بری طرح سہم گئی۔ وہ کسی قیمت پر بھی تمہیں بیاہنا نہیں چاہتے۔ مجھے یہ جان کر سخت صدمہ ہوا۔ کیونکہ میں صبیحہ کو ہر قیمت پر بیاہنا چاہتی تھی۔ شام کو خبر ملی کہ صبیحہ کو بانجی بھیج دیا گیا۔ میرا دل اس وقت سے رو رہا ہے ...... بار بار میرا ضمیر مجھے ملامت کر رہا تھا کہ میں نے خان بہادر صاحب کی خلاف مرضی تم سے کیوں نہ ملی ...... دل میں یہ ہوک رہ رہ کر اٹھتی تھی کہ کاش میرے کہنے سے تم مان جاتے مگر خان بہادر صاحب کی نا رضامندی ۔۔۔ وہ دو دو دیواروں کو غریب صبیحہ کیونکر پھلانگ سکتی تھی ۔۔۔؟ بے رحم سماج نے اس کا گلا گھونٹ دیا

—— اور اب ہم اور تم کارگہ زیست کے سینکڑوں پیچوں اور خموں پر گھومنے کے بعد پھر ایک نقطہ پر آ ملے ہیں۔ مجھ میں تو ابتدا کی سکت ہی نہ رہی تھی تم ہی نے پیش قدمی کی دو روز پہلے تمہارا خط ملا تھا ان واقعات کے تکرار سے تمہاری روح میں زہراب گھولنا یا تمہارے جذبات میں ہیجانی کیفیت پیدا کرنا مقصود نہیں ...... میرے نزدیک انہیں فراموش کر دینا بھی بہتر ہے۔ ہاں امکان ہے شاید ہم ماضی کے دھندلے نقوش ہی سے اپنے مستقبل کا سراغ پالیں ۔ ؟"

ہنوز رعنائی

جناب جاں نثار اختر

چھو سکی تجھ کو کہاں وقت کی باد مسموم
تو وہی ایک شگفتہ سا چمن آج بھی ہے

وہی ہنستی ہوئی آنکھیں وہی کھلتے ہوئے لب
وہی شاداب بھرا سا بدن آج بھی ہے

وہی اک سمت ڈھلکتی ہوئی بالوں کی لٹیں
گوشۂ رخ میں وہی سانولا پن آج بھی ہے

وہی پلکوں کے شب آلود خنک سائے میں
ایک سوئی ہوئی بے نام تھکن آج بھی ہے

وہی شائستہ نگاہیں، وہی دوہرا آنچل!
تو سراپا وہی تہذیب وطن آج بھی ہے

وہی چلنے وہی پھرنے کے گھریلو انداز
وہی ہر بات میں بیساختہ پن آج بھی ہے

وہی جملوں میں سلیقے سے سموئے اشعار
وہی کمبخت ترا ذوق سخن آج بھی ہے

وہی خاموش سا اصرار نہ پینے کے لئے
میٹھی میٹھی وہی ابرو کی شکن آج بھی ہے

وہی اک فکر کہ جانے مرا کیا ہونا ہے
وہی اندیشۂ زنجیر و رسن آج بھی ہے

میری ہر چیز سے وابستہ عقیدت اب بھی
میری ہر بات کو سننے کی لگن آج بھی ہے

اے مری جان تخیل، مری جانانۂ فن
کل بھی تھی تو مرا موضوع سخن آج بھی ہے

تیرا آغوش حسیں میرا مقدر نہ سہی
میرے حصے میں ترے دل کی دکھن آج بھی ہے

فریب کہ رہا ہوں میں پاکباز اب تک

(جناب شاد عارفی)

سنی گئی نہ صدائے شکستِ ساز اب تک
کبھی کا ٹوٹ چکا دل مگر ہے راز اب تک

سمجھ سکا ہے نہ زاہد مری نماز اب تک
اُٹھا رہا ہوں محبت میں اُسکے ناز اب تک

خبر نہیں! کہ عطا ہو رہے ہیں خالی جام
جمی ہوئی ہے تری بزم حیلہ ساز اب تک

وہ اس کو دامِ بلا میں بدل چکے لیکن
مرے لئے ہے وہی گیسوئے دراز اب تک

تجھے خدا کی قسم اور تیز نظریں ڈال!
کھُلے نہیں ہیں مرے دل کے مجھ پہ راز اب تک

"شباب و بادہ" کہ مرہونِ استطاعت تھے
فریب ہے کہ رہا ہوں میں پاکباز اب تک

عجب نہیں کہ زمانہ ہی مِٹ کے رہ جائے
مٹا نہیں ہے زمانے سے امتیاز اب تک

دمک رہے ہیں ستارے مہک رہے ہیں چمن
بدل چکے ہیں کئی بھیس اُنکے ناز اب تک

کہیں نبیذ کے پردے میں وہ نہ ہو اے شاد
جنابِ شیخ جو پیتے ہیں خانہ ساز اب تک

نظر کے آبلے

مجھ کو ڈر ہے کہ غم کی راہ میں
لُٹ نہ جائیں آنسوؤں کے قافلے
آشیاں یار کچھ تسکین دے
پھوٹ کر بہنے لگے ہیں آبلے "نظر"

۱۹۴۷ء میں شہنشاہیت کا پارسل لندن سے چل کر دہلی آ گیا کھولا تو اس میں اور سب چیزیں تو بشرح صدر عہد انگریزی ہی کی تھیں۔ البتہ برصغیر ہندوستان کے دو چیتھڑے نکلے۔ ایک پر لکھا تھا "پاکستان" دوسرے پر "بھارت" اور بھارتیہ سنسکرتی میں لپٹی ہوئی ایک نیم جان لاش رکھی ہوئی تھی اس پر روشن حرفوں میں لکھا تھا "اس فرقہ پرستی کے "آتشکدہ" میں اردو کا زندہ رہنا محال ہے اردو کی لاش پر ہندی کو کھڑا کر دو"۔ ایسا محسوس ہونے لگا کہ اب ادبی زندگی آئندہ کے واسطے یک قلم معطل ہو گئی لیکن ایسا نہیں ہوا۔ شیدایان اردو نے بڑی جواں مردی و حوصلہ مندی سے اردو کے تحفظ اس کی بقا اور ارتقاء کے لئے تن من دھن کی بازی لگا دی اور یہ ثابت کر دیا کہ اردو کا مٹنا کھیل نہیں اس کی جڑیں اس قدر گہرائی میں ہیں کہ باد مخالف کے جھونکے اس پر بالکل اثر انداز نہیں ہوں گے۔ نظر انصاف سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ چمن اردو کی آبیاری مسلمانوں سے زیادہ اہل ہنود حضرات نے کی ہے آج بھی خدا کے فضل سے ہندو شعراء اور ادیب ملک میں موجود ہیں جن کو شدید احساس ہے کہ "اردو کے ساتھ جو ناروا اور ظالمانہ سلوک ہو رہا ہے وہ لائق مذمت ہے۔" اگر

(محمد اسمٰعیل بھسوالہ بدایون)

اردو کے مخالف اردو کے مٹانے کا تہیہ کر چکے ہیں تو شعراء بھی اردو کی حفاظت کا عزم بالجزم کر چکے ہیں۔ ایسے ہی شعراء میں سے اردو کے ایک نوجوان فدائی "نظر جیوری"۔ کنور چندر پرتاپ سنگھ صاحب المتخلص بہ نظر متوطن قصبہ جیور (بلند شہر) پسر جناب ٹھاکر شیر سنگھ صاحب (زندہ آباد) رئیس ابن رئیس ہیں۔ آپ کے اجداد بڑے دبدبہ کے بلند اقبال رئیس تھے جد امجد کو رائے کا خطاب تھا "آئین اکبری" میں آپ کے خاندان اور وطن مالوف ریاست جیور کی تاریخ موجود ہے ان کے اجداد اس ریاست کے راجہ تھے۔ اسی سے آپ کے خاندانی وقار و عظمت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ آپ ایک معزز و نامور راجپوت خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔

کنور صاحب کی ولادت باسعادت ضلع ہی کے چھوٹے سے قریہ "موہن پورہ" میں ہوئی۔ آپ کے پدر بزرگوار اردو فارسی کے ماہر ہیں ہر دو زبان کا مطالعہ بہت عمیق ہے ان پر کامل عبور حاصل ہے۔ کنور صاحب کی بسم اللہ بھی اردو فارسی سے ہوئی، بچپن میں اپنے والد ماجد کی زبان مبارک سے اکثر سودا و میر۔ غالب و مومن۔ ذوق اور داغ کے اشعار سنتے رہتے تھے۔ مفہوم بخوبی نہ سمجھنے پر بھی ایک عجیب کیفیت محسوس کرتے اور اشعار کے تخیل سے لطف اندوز ہوتے تھے بہت محو ہو جاتے تھے۔ سنتے سنتے کافی اشعار ازبر ہو گئے اور بعض شعر خود سر وقت پڑھتے رہتے تھے۔ والد محترم نے انداز سے تاڑ لیا کہ جب کم سنی ہی میں طبیعت اس قدر فکر پسند اور مزاج شاعرانہ ہے تب آئندہ کیا حال

ہوگا؟ یہ ایک سوال تھا جس کے حل کی ضرورت تھی۔
لہٰذا رجحان بدلنے اور مزاج میں موڑ پیدا کرنے کے لئے
میو کالج اجمیر میں داخل کر دیئے گئے۔

یہ کالج انگریزی تعلیم کا اپنی قسم کا واحد ادارہ
ہے۔ یہاں اردو فارسی تعلیم کا سلسلہ ختم ہو گیا
لیکن ادبی ذوق و شوق نے ہر دو زبان کے مطالعہ
کتب کا سلسلہ منقطع نہ ہونے دیا۔ انگریزوں کی
صحبت ملی اور خالص انگریزی ڈھنگ پر تعلیم
ہوئی۔ لیکن انگریزی تہذیب و تمدن اور مغربی
معاشرہ میں رہتے ہوئے بھی اس سے بالکل متاثر
نہ ہوئے۔ مشرقی دل و دماغ اور ہندی مزاج
نے اس کو قطعاً قبول نہ کیا۔ لگاتار بارہ برس تک
انگریزی تعلیم حاصل کرنے کے بعد گریجویٹ ہو کر گھر
لوٹے تو یہ دیکھ کر والدین کے استعجاب و تحیر کی
کوئی انتہا نہ رہی کہ اتنے طویل عرصہ تک انگریزی
پڑھنے اور مغربی ماحول میں رہنے کے باوجود "پرتاپ"
ٹھیٹ ہندوستانی ہے۔ کورا مشرقی!

کنور صاحب ماشاءاللہ انگریزی کے خاصے
ادیب ہیں۔ تحریر و تقریر میں اردو سے کہیں
زیادہ بہتر انگریزی کو استعمال کر سکتے ہیں۔ لیکن
آپ کا مقولہ ہے "اردو پھر اردو ہے اس کی
خدمت میری زندگی کا مقصد ہے" یہ پاکیزہ
خیال بہت مبارک! اور یہ جذبۂ مقدس قابلِ
تحسین! "ادب" معاشرہ کا عکس ہوتا ہے اور
ادیب اس کا انجینئر۔ دستِ قدرت نے اردو کے
محلے کے معماروں اور انجینئروں میں روزِ ازل
ہی سے لکھ رکھا تھا۔ اس لئے ہندوستانی سماج
کے پرتو پر انگریزی سایۂ اثر انداز نہ ہو سکا۔

کالج سے فارغ التعلیم ہونے کے بعد شعرائے
قدیم کے "کلیات و دواوین" کے مطالعہ میں ہمہ
تن مشغول ہو گئے بڑے انہماک کے ساتھ ان کا
مطالعہ کیا۔ ابھی اپنے مستقبل کے بارے میں کچھ فیصلہ نہ
کر سکے تھے کہ "زیرِ قدمِ والدہ" کی فردوس بریں
سے ہمیشہ کے لئے محروم ہو گئے۔ اس حادثۂ عظیم
کے بارِ گراں کو جانِ ناتواں نے چار و ناچار برداشت
کیا۔ اس ناگہانی صدمۂ جانکاہ سے آپ کا دل ٹوٹ
گیا۔ جی چھوٹ گیا۔ جیون نیا بھنور میں [illegible]
پتوار کے ڈانواں ڈول [illegible]
حوادث کے تھپیڑے کھانے لگی [illegible]
شاعری کا آغاز ہوا۔ بہت گہرا [illegible]
تعلیم کے اختتام پر ہندوستان کے مختلف [illegible]
سیاحت کی۔ سفر سے معاودت کی تو آپ کا [illegible]
ایک نیا دور شروع ہوا۔

یہ وہ زمانہ تھا جب فرنگی [illegible]
بھاگنے کی فکر کر رہا تھا۔ [illegible] شہنشاہیت کا [illegible]
سات سمندر پار سے دہلی آنے والا تھا [illegible]
کام بھی ہو گیا۔ اور "خدائی قہر" نے ملک [illegible]
کر کے راہِ فرار اختیار کی۔ ادھر دیا ستیں [illegible]
کی قبا بھی زمینداریوں اور ریاستوں [illegible]
نکل گئی۔ زمینداروں تعلقہ داروں [illegible]
نوابوں کو کچا چبا ڈالنے کا [illegible] ۱۹۴۷
میں ابھرا تھا۔ پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا۔ [illegible]
اردو سے بھی زیادہ بھاری مصائب کا [illegible]
پڑا۔ عرصۂ حیات تنگ ہو گیا۔ [illegible]
زاغ و زغن مگن اور بلبل و طوطی [illegible]
لگے۔ جو ان کو سلام کرتے تھے اب ان کا [illegible]
میں ان کو عار ہے۔ جن کے گھر [illegible]
نانِ شبینہ کو محتاج ہیں۔ سوکھی روٹی [illegible]
ہیں۔ ہمارا سریع الاحساس نوجوان شاعر بھی [illegible]
آزادی بیانی کے پھندوں میں "مرگِ انبوہ جشنے
دارد" کہتا ہوا پھنس گیا۔ زندگی [illegible]
بار و وبال ہو گئی۔ گو کہ [illegible]

پریشان حالی دوسروں کو سنانا نہیں چاہتا۔ کیوں؟ دنیا والے ہنسیں گے اور ذلت ہوگی۔ کہتا ہے ؎

حالِ دردِ نہاں چہ می پرسی
حالِ دردِ نہاں نہیں اے دوست

ہندوستانی نوجوان شاعر اکثر و بیشتر فرضی معشوقوں کے وہمی عشق میں مبتلا ہوتے ہیں اور بوالہوسی میں حسن پرستی کو شعار بنا کر اہلِ نظر کی آبرو بھی خاک میں ملاتے ہیں ان کے نزدیک شاعری صرف غزل گوئی کا نام ہے۔ اور وہ ہر کھائی اور وادی میں بھٹکتے پھرتے ہیں اپنی شاعری میں ایسی باتیں کہتے ہیں جن پر خود عمل پیرا نہیں ہوتے۔ دولت کے ادنیٰ غلام کو عرشِ اعظم سے بھی اونچا پہنچا دینا کوئی بات نہیں۔ صنم کو خدا کہنے میں باک نہیں۔ اس قسم کی اردو شاعری کا کافی ذخیرہ کالعدم ہو جائے گا۔

منظر صاحب روایاتی شاعر نہیں ہیں نہ ان کی شاعری قطعات تک محدود ہے اور نہ یہ صرف غزل گوئی کے تنگ کوچہ میں مقید ہیں۔ آپ کے خاندان میں کوئی شاعر نہیں ہوا۔ ٹھیک ہے۔ لیکن جب باوا آدمؑ شاعر تھے تو کون ابنِ آدم شاعر نہ ہوگا؟ یہ دوسری بات ہے کہ کوئی شاعر بالفعل ہے تو کوئی بالقوی۔ اور "پدر اگر نتواند پسر تمام کند" کے مصداق اکثر بیٹوں نے باپوں کے کام کو پورا کیا ہے۔ تاریخ میں متعدد گمنام اور ان پڑھ لوگ بادشاہ ہو گئے آج دسیوں انگوٹھا ٹیک ایم۔ ایل۔ اے آپ کے سامنے ہیں۔ پھر کسی تعلیم یافتہ معزز خاندان میں شاعر کا پیدا ہونا کونسی حیرت کی بات ہے؟ دیکھو کہ جہاں بت تھے کعبہ نظر آتا ہے۔

اس میں کلام نہیں کہ منظر صاحب فطری شاعر ہیں۔ ہر چیز کو شدت کے ساتھ محسوس کرتے ہیں اور اسی چیز کو زیادہ تر محسوس کرتے ہیں جسے بغور دیکھتے ہیں اور جس چیز کو دیکھتے ہیں اس کا مجسمہ بن کر رہ جاتے ہیں۔ یہی شدید احساس ان کی شاعری کی روحِ رواں ہے۔ حادثات نے ان کو نازک دل شاعر بنا دیا۔ ذرا سی ٹھیس سے بلبلا اٹھتے ہیں دل درد سے سرشار ہے شاعری میں سرور و شادمانی نہیں ہے۔ حزن و ملال ہے۔ ان کی غم و افسوس کی آنکھوں میں آنسو ہیں اور صبر و تسلی کے غمگین فلسفیانہ اثرات ہیں۔ حلقۂ آہنگ آپ سے کافی متعارف ہے آپ کے قطعات غزلوں سے زیادہ باکیف و پرمعنی ہیں اور تیر نیمکش سے زیادہ تاثیر خلش رکھتے ہیں تخیل میں عمق اور وسعت ہے۔ اکیاسی قطعات منجملہ بے شمار قطعوں کے مرتب و مجتمع ہو کر "آبلے" بن کر منظر عام پر آ گئے ہیں "آبلے" منظر کی زندگی کا عکس ہے۔ اور اس کو انسانی زندگی کی آئینہ داری حاصل ہے۔ آپ نے زندگی کا بہت گہرا مطالعہ کیا ہے اور واقعات کی سطح سے گزر کر ابدی حقیقتوں کے (جو نظامِ زندگی میں جاری و ساری ہیں) قریب تر پہنچ گئے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دل و جگر کے ٹکڑے شعر بن کر آ گئے ہیں۔ "آبلے" میں سوز و گداز اور فنائے عالم کے تاثرات ہیں۔ ہر ناظر آبلے کو اپنے دل کی بات سمجھے گا۔ تعصب کا تو کوئی علاج نہیں لیکن جو لوگ حق و انصاف سے کام لینا جانتے ہیں۔ وہ یہ کہنے پر مجبور ہوں گے کہ "آبلے" انسانی زندگی کا ایک شفاف آئینہ ہے۔

خوش قسمتی کہئے یا بدبختی۔ ہم ہندوستانی بڑے خوش اعتقاد واقع ہوئے ہیں۔ یہ دیکھتے ہیں کہ "کون کہہ رہا ہے" یہ نہیں دیکھتے کہ "کیا کہہ رہا ہے"۔ اگر آج ہندوستان کا کوئی بڑا لیڈر یہ کہہ دے کہ "آفتاب قطبِ شمالی سے نکلتا ہے اور قطبِ جنوبی میں غروب ہوتا ہے" تو چاروں طرف سے آمنا و صدقنا کی صدائیں آنے لگیں گی اور

ن کی پرچھائیں ہونے لگے گی کہ اس نے دھرو تارے کے
یر میں سوریہ بھگوان کا گھر تلاش کر لیا۔ بات کہاں
ل تھی کہاں جا پہونچی۔ کہنا یہ تھا کر کنور صاحب کا
م قابل توجہ ہے آپ کا مستقبل بہت شاندار
ہے۔ بھلے ہی زمانہ آج اردو دشمنی کے دور میں
ا ہے حضرت نظر کی قدر نہ کرے۔ لیکن مستقبل
قریب میں ہی وقت آئے گا کہ آپ کی شاعری کا اردو
ادب میں ایک امتیازی درجہ اور صف شعرا میں
آپ کا ایک مخصوص مقام ہوگا۔

آبلے سے مستفیض ہونے کے وہی حضرات
زیادہ اہل ہیں جن کو واردات قلبی جاننے کے لئے
الفاظ کی حاجت نہیں جو غیر معمولی طور سے
لی ہوئی سانس سے بھی اندرونی حالات کو
سمجھ لیتے ہیں۔ شاعر کو سمجھنے کیلئے تاثر بڑی
ضروری شے ہے کسی کی دردناک داستان سن کر
جس کا دل درد سے بھر نہیں آتا۔ درد بھرے اور
غم آلود مضامین سن کر جو دل پارہ پارہ نہیں
ہو جاتا وہ شاعری کے مذاق سے لطف اندوز
ہونے کی استعداد نہیں رکھتا 'آبلے' سے چند
نظر پارے دیکھئے۔

موت وقتی جمود ہے اے دوست
زندگی روح کا کھلونا ہے
حسن اور عشق کیا کہوں کیا ہیں
ایک جادو ہے ایک ٹونا ہے

کیسی بلند پایہ بات کتنے واضح اور فصیح ترین
انداز میں بیان کی گئی ہے۔ باعتبار معنی جادو دین کی
ضد ہے جادو ٹونا تخریبی ذہنیت کا کارنامہ
ہے۔ اس کی تصریح کو ایک دفتر چاہیئے۔ حسن
وعشق کی دنیا کس قدر فرسودہ و پامال ہو چکی ہے اور
موجودہ تہذیب و معاشرت کی کاریاں فطرت
کی ان لطیف صفات کا کس قدر ہی مضحکہ کیوں نہ اڑائیں
لیکن ناقابل انکار حقیقتیں ایسے خندہ ہائے بیجا سے بدلی
نہیں جا سکتی ہیں عالم کی سرشت ہی حسن وعشق کے
خمیر سے تیار کی گئی ہے جس کی مبدل یافتہ صورتیں
کسی نہ کسی رنگ میں ہمارے سامنے ظہور پذیر
ہوتی رہتی ہیں دنیا کے سارے ہنگامے اور ساری
رونقیں انہیں دو لفظوں کی شعبدہ بازیاں ہیں جذب
وشوق، انتظار آرزو جو عملی زندگی کے اصل محرکات
ہیں وہ فی الحقیقت حسن وعشق کے ہی تاثرات کے
نتائج ہیں جن پر دنیا کی ہر شے کی زندگی کا دار و مدار ہے
فرماتے ہیں ؎

دلنشیں تو نے یہ بھی سوچا ہے
حسن زندہ ہے عشق کے دم سے
غم اگر زندگی کا حاصل ہے
زندگی بھی ہے زندگی۔ غم سے!

حسین محبوب کا عشق ہو حصول دولت و ملک کا شوق ہو
عزت و سربلندی کا اشتیاق ہو خواہ کوئی چیز ہو اور جب تک
اس کی طلب و آرزو کا انتہائی شوق دامنگیر نہ ہوگا
عملی جد و جہد میں انسانی فطری عادتیں بروئے کار آکر
کمالات انسانی حاصل کرنے سے قاصر رہے گی۔ اور
اس طرح صانع حقیقی اور خالق مطلق کی ایک صفت
ناتمام رہے گی اور خود عالم کی ترقی اور رونق میں جمود
پیدا ہوکر کائنات عالم کے ویران و برباد ہو جانے کا
اندیشہ ہے۔ بہرحال عالم کی ساری چہل پہل ترقیاں
اور زندگیاں عشق پر منحصر ہیں جو بغیر حسن کے پیدا نہیں
ہو سکتا یعنی عشق ہی کی تفسیر مکمل حقیقی زندگی کو پورا
کرتی ہے۔ ہمارے ملک و قوم کے انفرادی و اجتماعی
کیرکٹر کی عام کمزوری یہی ہے کہ ان کے دل و دماغ میں
ہوس کارانہ شوق کے جذبات پیدا ہوتے ہیں جو
کچھ زندگیوں کو خراب و تباہ کر کے راحت طلبی کے
موت آفریں راستہ پر چھوڑ جاتے ہیں۔
یہ مختصر سا مجموعہ شاعرانہ مبالغہ آرائیوں سے یکسر

پاک دامنی ہے۔ نفسِ شاعری کی حد تک آبلے کے مصنف میں خاصی
صلاحیت ہے۔ اشعار میں زورِ بیان بھی ہے اور حسنِ ادا بھی۔
فنی خامیوں سے پاک ہے اس میں کہیں جھول نظر نہیں آتا۔
اشعار بندشِ الفاظ، اندازِ بیان اور عروض کے اعتبار سے
درست ہیں رچاؤ۔ بے ساختگی اور آمد ہے۔ زبان سلیس
و شستہ ہے۔ قافیہ پیمائی نہیں کی گئی ہے۔ منظر صاحب اچھے
خاصے شاعر ہیں اور احتیاط اور فن کو ملحوظ رکھتے ہیں آپکے آبلے
کو دیکھا مقام دینا آسان ہے۔ آپ کی شاعری کیا ہے۔ غمِ دل کا
فسانہ ہے جو ہر غم کے ماتے پر عائد ہوتی ہے۔ حقیقت پسندی
پر مبنی ہے۔ دو چار قطعے سنئے۔

کوئی نہیں زمانے میں — عمر گذری فریب کھانے میں
مجھ سے رودادِ دل نہ پوچھئے دوست — تم ہی تم ہو میری فسانے میں

زندگی فانی کے یہاں معمہ ہے اور منظر کے یہاں گونگے کا خواب
اور سود خوار بنیئے کا الجھا ہوا حساب ہے۔ ملاحظہ ہو

زندگی کیا ہے؟ کیا بتاؤں میں — ایک گونگے کا خواب ہو جیسے
یا کسی سود خوار بنئے کا — الجھا الجھا حساب ہو جیسے

کہتے ہیں۔۔۔

کیا بتائیں کہ تجھکو کیا سمجھے! — باوفا تھے تو باوفا سمجھے
ہم کو تیرے کرم نے لوٹ لیا — زندگی اب تجھے خدا سمجھے
کس سے پوچھیں کہ آگہی کیا ہے! — کون سمجھائے بیخودی کیا ہے؟
اک معمہ ہے ابتدائے جنوں؟ — اک الجھن ہے زندگی کیا ہے!

اس نامراد دنیا میں اسطرح جینے کو کہاں سے جگر لائے۔

درد ہے رنج ہے، مصیبت ہے — خوب راس آئی زندگی مجھکو!
دیکھ کر آج اپنی بدحالی — آپ ہی آگئی ہنسی مجھکو
چاک دامن کو کتنا ہی چاہیں — ایک کانٹے سے تو نہیں سلتا!
لوگ جسکو سکون کہتے ہیں — موت کے بعد بھی نہیں ملتا

دنیا کی دلچسپیاں و دلفریبیاں خدا نے کس بلا کی بنی ہوئی ہیں کہ
اسے چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا۔ حالانکہ یہ عالمِ فانی ایک فریب ہے
ادھورا سا خواب پریشان ہے تلخیوں سے پُر۔ نہ اس میں کوئی سچا
ہمدرد ہے نہ غمخوار۔

جانتے ہیں یہ ایک دھوکہ ہے — اک ادھورا سا خواب ہے دنیا
تلخ کہتے ہیں پھر بھی پیتے ہیں — کتنی میٹھی شراب ہے دنیا
خوب جی بھر کے دیکھ لی دنیا — میں پرایا ہوں اب اپنا ہوں
مجھ سے پوچھو نہ وفاؤں کا حال — پیار کو ساری عمر ترسا ہوں
اس بھرم کو بھرم ہی رہنے دو — بات جاتی ہے آزمانے میں
مجھکو تم سے گلہ نہیں کچھ بھی — کون کس کا ہے اس زمانے میں

زندگی کی سرگرانی اور اس کا علاج۔ ملاحظہ کیجئے۔

زندگی بارِ گراں آج بھی ہے — زندگی بارِ گراں آج بھی ہے
آج بھی رسمِ کہن ہے رائج — کوششِ سود و زیاں آج بھی ہے

ابھی تو سینکڑوں ارمان سینے میں مچلتے ہیں
ابھی ہر روز فتنے اک نئی صورت بدلتے ہیں
ضرورت ہے چراغِ راہ کی اب دوستو ہم کو
بجھا دو ان چراغوں کو جو ایوانوں میں جلتے ہیں

ایسے ہی اور بہت۔

حضرت منظر کی فکر زندگی کی پہلی منزل میں آپکے [illegible]
محض خیالات کا مجموعہ نہیں ہے بلکہ احساسات کا [illegible]
شاعر کی زندگی درد ہے اس ساز سے جو آواز نکلتی ہے [illegible]
ہوئے دل کی آواز معلوم ہوتی ہے۔ منظر کی داخلیت [illegible]
آہنگ ہی سے متاثر نہیں ہے بلکہ ان کی متاعِ اشک [illegible]
دکھ دیکھکر اپنا درد بھول جاتے ہیں۔ آپکے دماغ [illegible]
ارتقاء کا بنیادی سبب احساسات تصورات شعور [illegible]
انسانی ذہن میں سماج کی مادی زندگی کا عکس [illegible]
اس عیب سے بالکل پاک ہیں جو اکثر شعراء میں [illegible]
کے ردِ عمل کے طور پر رونما ہوتا ہے۔ [illegible]
کے پرستار "آبلے" کے مصنف کو [illegible]
عمرِ خضر عطا فرمائے۔ آمین۔ میری [illegible]
آپ کے ساتھ ہیں۔ اور بس۔

میں کوئی شعر نہ بھولے سے کہوں گا تجھ پر
فائدہ کیا جو مکمل تری تحسین نہ ہو
کیسے الفاظ کے سانچے میں ڈھلے گا [illegible]
سوچتا ہوں کہ ترے حسن کی توہین [illegible]
[illegible]

و مکدر دارد و اعد ہمو آرام دہد کہ وسوسہ دل ہمیشہ ابہر وار ہم گردد۔ کامگار! عرصہ آمدہ و در ہر وار درنہ کہ ہوس طاؤس در سر دارم

اما عدہ او علم حصول ہموم ام اگر رحم بر کار کہ [illegible] طاؤس [illegible] مروج گردنم [illegible] و مطرود مرگ گردد۔

غزل

عزیز مخدومی بریلوی (بلند شہر)

ہجومِ غم میں خوشی کو بشر نے ڈھونڈ لیا
ترا جمال گلوں میں نظر نے ڈھونڈ لیا

طلب کی راہ میں آئی صدائے دوست مجھے
میں کھو گیا تو مجھے راہبر نے ڈھونڈ لیا

تڑپ رہی تھی جبینِ نیاز جس کے لئے
وہ در بھی عاشقِ شوریدہ سر نے ڈھونڈ لیا

خیالِ یار نے کھویا رہِ محبت میں
مرا مقام مرے ہمسفر نے ڈھونڈ لیا

مریضِ عشق کی پرسش کو اس نے بھیجی موت
علاجِ سوزِ دروں چارہ گر نے ڈھونڈ لیا

نہاں تھا پردۂ "لا" میں جو بنکے رازِ حسیں
وہ رازِ چشمِ حقیقت نگر نے ڈھونڈ لیا

مرے یقین کی پرواز کسقدر ہے بلند
کہ اُن کو طائرِ بے بال و پر نے ڈھونڈ لیا

چھپے وہ لاکھ نگاہوں سے بچکے پردوں میں
مگر پھر اُن کو مذاقِ نظر نے ڈھونڈ لیا

شبِ الم کے دھندلکوں میں کھو گیا جو غریب
تو مسکرا کے عروسِ سحر نے ڈھونڈ لیا

سید عظمت علی رضوی ایڈیٹر پرنٹر پبلشر نے الہ آباد پریس 310 چاوڑی بازار دہلی سے شائع کیا